دار العلوم میں نئے عظیم الشان مطبخ کی تعمیر کا آغاز: ۱۳ جون ۲۰۰۴ء کو دار العلوم حقانیہ کے قدیم مطبخ کے متصل مدرسے کے باغ میں نئے مطبخ کی بلڈنگ کا سنگِ بنیاد رکھا گیا‘ قدیم بلڈنگ اب انتہائی بوسیدہ اور کمزور ہوگئی ہے اور طلباء کی عظیم الشان تعداد کی وجہ سے اب یہ چھوٹی پڑ گئی ہے۔ عرصہ دراز سے شدت کے ساتھ نئی بلڈنگ کی ضرورت محسوس ہو رہی تھی‘ الحمد للہ اہل جامعہ کا یہ دیرینہ خواب بھی اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل و کرم سے پورا ہو رہا ہے۔ یہ عظیم الشان بلڈنگ چار منزلوں پر مشتمل ہوگی اور اس میں موجودہ نئے عہد کے تقاضوں کے مطابق ہر قسم کی جدید سہولیات کا خصوصی اہتمام کیا گیا ہے اور انشاء اللہ مستقبل میں یہاں پر جدید آلات اور مشینوں کے ذریعہ روٹی وغیرہ پکائی جائیں گی۔ بالائی منزلوں پر درسگاہوں اور رہائش گاہوں کا بھی منصوبہ بھی اس میں شامل ہے۔ تقریب افتتاح کے موقع پر حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ‘ حضرت مولانا انوار الحق صاحب اور دیگر علماء و اساتذہ اور خصوصی مہمان حضرات موجود تھے۔ تلاوتِ کلام پاک اور دعاؤں کے ساتھ اس کا سنگِ بنیاد رکھا گیا‘ یہ عظیم الشان منصوبہ ایک اہل خیر کی کوششوں اور تعاون سے انشاء اللہ پایہ تکمیل تک پہنچے گا۔

دعائے مغفرت کی اپیل: دار العلوم کے انتہائی مخلص اور اولین معاون شخصیت میاں حاجی کرم الٰہیؒ کے فرزند خواجہ عبد القیومؒ ۱۵ مئی ۲۰۰۴ء کو بروز ہفتہ طویل علالت کے بعد پشاور میں انتقال فرمائے گئے‘ آپ انتہائی نیک‘ امانت دار‘ عابد و زاہد اور صوفی منش انسان تھے‘ زندگی بھر حضرت شیخ الحدیثؒ اور مدرسہ کے ساتھ آپ کی گہری عقیدت و محبت تھی۔ قارئین سے ان کی رفع درجات کی خصوصی اپیل ہے۔

جناب سراج الاسلام صاحب سراجؔ
پرنسپل اکوڑہ پبلک سکول‘ اکوڑہ خٹک

قطعہ تاریخ بر شہادۃ مفتی نظام الدین صاحب شامزئیؒ

نظام الدین مفتی پر خدائے پاک کی رحمت
کہ راہِ حق میں دے دی جاں ملا رتبہ شہادت کا
مئی کی تیس ہے تاریخ سن ہے عیسوی غبغب ۲۰۰۴ء
گئے ہیں سرخرو یاں سے تقاضا تھا محبت کا